نمبر : 2253

کتاب کا نام... :۔ مجموعۂ گوجری کلام (بیاض)

مصنف ........ :۔ مجھو ۔ پربین ۔ غلامی ۔ شرفو ۔ اسمٰعیل

مہر ومالک.. :۔ (۱) میاں محمد ولد فقیر محمد (۲) عبدالرحمٰن نجم الحق

سائز............. :۔ 2.75 x 5.5 سطور ...:۔ ۹ / ۱۰ / ۱۱

113

اوراق ............ :۔ ۶۵ کاتب ....:۔ -

تاریخ کتابت..:۔ - خط ......:۔ نستعلیق

زبان ............ :۔ گوجری اردو موضوع :۔ حمد۔نعت

آغاز............. :۔ تم بھارِلال زَارِ باغِ دین ھو یارسول

مثل گل تم خندہ روخندہ جبین ھو یارسول

اختتام ......... :۔ امید ھی اشرف رحمت سین محمد کی شفاعت سین

ھوی گی سبکو دھشت مین ندا قھار یااللہ

ترقیمہ ........... :- –

حالت ............ :- خط بدلتا رہتا ہے۔

نوٹ ............. :- نعتِ رسول اللہؐ۔ ماہ رمضان۔ مولود وغیرہ موضوع ہیں۔

ورق-۱ سے ۴ تک مجھوؔ کا؛ ورق-۵ سے ۶-الف تک پر بیںؔ کا؛ ۶-ب سے ۲۰-ب تک غلامیؔ کا کلام شامل ہے۔ درمیان میں کسی نامعلوم شاعر کے اشعار ہیں۔ ورق-۲۳-ب سے شرفوؔ نامی شاعر کا کلام ملتا ہے۔ ورق ۳۹-ب سے شرفوؔ کا مخمس شروع ہوتا ہے۔ ورق ۴۵-الف پر مالک کی تحریر ہے: این بیاض میاں محمد اسحاق ولد فقیر محمد اگر کسی دعویٰ کند آن دعویٰ باطل و نامسموع گردد۔ دوسرے مالک کا نام عبد الرحمٰن نجم الحق بھی تحریر کیا ہوا ہے۔

ورق ۴۸-ب پر مدنی مولود نقل کی ہوئی ہے۔ اس میں مولود شریف کس طرح منائی جاتی تھی اس کی چند باتیں مختصراً لکھی ہیں۔ آخری اوراق میں مناجات ہے۔

اس بیاض میں مختلف موضوعات پر کہے گئے اشعار میں رسول اللہؐ کے ساتھ والہانہ عشق کے اظہار کے ساتھ ساتھ اپنے گناہوں کا اقرار، مغفرت کی طلب اور آخرت کے واقعات کا تذکرہ ہے۔ سب کا مقصد پند و نصیحت ہے۔

غلام محمد مجھوؔ کے لئے دیکھئے سخنوران گجرات ص: ۱۶۴ اور تذکرۂ مخزن الشعراء۔ ص ۵۱ تا ۷۰۔ شرفوؔ کے لئے دیکھئے سخنوران گجرات ص: ۱۳۳ اور مخزن الشعراء ص: ۷۴۔

نوٹ: غلام محمدؐ مجھوؔ کا دیوان فاضل محقق ڈاکٹر نور السعید اختر نے مرتب کیا ہے جسے گجرات اردو ساہتیہ اکادمی نے شائع کر دیا ہے۔